مکاتیب حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوری رحمۃ اللہ علیہ

بنام حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ

انتخاب: مولانا سید سلیمان یوسف بنوری

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوری رحمۃ اللہ علیہ بنام حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ

بخدمت گرامی مخدومی محترم المقام حضرت مولانا محمد یوسف صاحب زاد مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ!

الحمد للہ! بندہ بعافیت ہے، اللہ تعالیٰ آنجناب کو بعافیت رکھے۔ کئی روز سے ایک عریضہ ارسالِ خدمتِ بابرکت کیا ہے (بہ پتہ کراچی) مگر اب تک جواب سے شرف یاب نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ بخیر رکھے، اُمید ہے کہ خیریتِ مزاج سے مطلع فرمائیں گے۔ طباعت کا کام تو غالبًا شروع ہوگیا ہوگا۔ طباعت میں کس تالیف سے افتتاح ہوا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہر طرح سے کامیابی عطا فرمائے۔ یہاں اس ماہ میں بہ کثرت بارشیں ہوئی ہیں، سخت سردی رہی، اب کچھ کم ہو رہی ہے۔ خیریتِ مزاج سے اور جملہ حالات سے مطلع فرماویں۔ آپ کی مخلصانہ دعاؤں کا بے حد محتاج ہوں، امید ہے کہ اپنی دعاؤں میں مجھے ضرور یاد فرماتے رہیں گے۔ بندہ تو جناب کو اور جناب حاجی محمد یعقوب صاحب کو کبھی بھولتا ہی نہیں۔ جناب مولانا طفیل احمد صاحب سلمہ، جناب حاجی صاحب، ان کے صاحبزادگان کی خدمات میں سلامِ مسنون اور دعا کی درخواست۔

عبدالرحمٰن

دارالعلوم قاسمیہ، ۲۳/ جمادی الاولیٰ ۷۳ھ

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوری رحمۃ اللہ علیہ بنام حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ

بخدمتِ گرامی مخدومی محترم المقام حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بارک اللّٰہ في علومکم وأعمالکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ!

گرامی نامہ سامی نے مشرف فرمایا، خیریتِ مزاج معلوم ہوکر اطمینان ہوا، الحمدللہ! یہ ناکارہ خادم بھی بعافیت ہے۔ ...اللہ تعالیٰ آپ کی مساعیِ جمیلہ کو کامیاب فرمائے۔ احقر کی طبیعت کئی روز سے اچھی نہیں، نیند کی کمی کی شکایت (جو میرا پرانا مرض ہے) بہت دنوں سے لاحق ہے، دعاءِ صحت کی درخواست ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کے مذہب کے متعلق آنجناب کے ارشاد سے اشکال کا استیصال نہیں ہوا، کیا اُن کے نزدیک محرم بالحج طوافِ قدوم سے ہمیشہ محروم رہے گا؟ نیز سعی واجب کیسے کرسکتا ہے، جبکہ وہ طواف پر مرتب ہے؟ (جو بھی ہو) معتمر کے لیے اُن کی سعی کی کیا صورت ہوگی، جبکہ وہ طواف سے حلال ہوجاتا ہے تو بحالتِ حلت سعی کیسے کرے گا؟ اگر کسی وقت فرصت ہو اور مفصل ارشاد فرمایا جائے تو بہتر ہوگا۔

دعاؤں کا خواستگار ہوں، سر پر موت قریب آ پہنچی، عمل کچھ بھی نہیں، دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ توفیقِ اعمالِ خیر عطا فرما کر حسنِ خاتمہ سے نواز دے، خادم زادگان کی طرف سے سلامِ مسنون اور دعا کی درخواست۔ بندہ ہر وقت آنجناب کا دعاگو ہے۔

حضرت مولانا طفیل احمد صاحب سلمہٗ، حضرت حاجی صاحب کی خدمات میں سلامِ مسنون اور دعا کی درخواست۔

عبدالرحمٰن

۱۹/ رجب ۷۳ھ از دارالعلوم قاسمیہ

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوری رحمۃ اللہ علیہ بنام حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ

مخدومی المکرّم محترم المقام حضرت مولانا محمد یوسف صاحب زادت محاسنکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ!

الحمدللہ! بندہ ناکارہ مع جملہ متعلقین بعافیت ہے، خدا کرے مزاجِ سامی بھی بعافیت ہوں۔ ۱۰/ رمضان المبارک کا گرامی نامہ آج ۱۳/ رمضان المبارک کو پہنچ کر کاشفِ احوال ہوا۔ خیریت معلوم

ہو کر اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ آنجناب کو جزاءِ خیرِ دارین عطا فرمائے کہ برادر مولانا عبدالحبیب صاحب کو آنجناب نے اپنی رفاقت کے لیے منتخب فرمایا، معاش کی وجہ سے تو وہ زیادہ پریشان نہ تھے، مگر باقاعدہ درس وتدریس کے کام نہ ہونے کی وجہ سے پریشان تھے، خدا کرے ان کی یہ پریشانی آنجناب مخدوم کی توجہ سے رفع ہو جائے۔

اس سے پہلے کا گرامی نامہ موصول ہوا تھا، مگر صحیح جائے قیام کے معلوم نہ ہونے کے وجہ سے عریضہ ارسال نہ کر سکا، جس کی ندامت کے ساتھ معافی چاہتا ہوں۔ آنجناب کی صحت کی خرابی سے فکر اور صدمہ ہے۔ خداوند تعالیٰ ہمیشہ صحت وعافیت کے ساتھ اپنی مرضیات میں مشغول رکھے۔ جناب کا وجود موجودہ زمانۂ قحط الرجال میں اُمت کے لیے خدا تعالیٰ کی رحمت ہے، اس لیے آنجناب کے لیے ازبس ضروری ہے کہ آپ اپنی صحت کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھیں، افکار واشغال اپنے ذمہ اتنے نہ لیں، جس کا تحمل نہ ہو سکے اور صحت پر اثر انداز ہو۔ اللہ تعالیٰ آنجناب کے فیوض اور برکات کو تادیر قائم رکھے اور اُمتِ مرحومہ کو فیوض وبرکات سے تادیر استفادہ کا موقع دے۔ آپ جیسے مخلصین صلحاء کی دعاؤں کا بے حد محتاج ہوں۔

علم اولاً تو کچھ ہے نہیں، جتنا ہے بھی اس پر عمل کی توفیق نہیں، دعا فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے اور حسنِ خاتمہ سے نوازے۔

خادم زادہ عبید الرحمٰن کے لیے آنجناب کے جوار میں اگر کوئی جگہ مل جائے تو زیادہ مناسب ہے، تاکہ فیوض وبرکات سے بھی استفادہ کر سکے۔

اللہ تعالیٰ احقر کے اور آنجناب کے جملہ مقاصدِ حسنہ پورے فرمائے۔

فقط والسلام

دعا گو، دعا خواہ

ناکارہ عبدالرحمٰن غفرلہٗ

از بہودی، ملک مالا

۱۳؍رمضان المبارک، چہارشنبہ

..... ❀ ..... ❀ ..... ❀ .....